# سیالکوٹ زون کارپوریشن کے کاروباری اہداف میں نمایاں مقام رکھتا ہے، اذکار خان

## ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ کا تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر خطاب

گزشتہ دنوں سیالکوٹ زون کی طرف سے مقامی ہوٹل میں قرعہ اندازی کی ایک گرینڈ میٹنگ کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان اور ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان نے بطور خاص شرکت کی۔

مہمانوں کا استقبال سیالکوٹ زون کے سربراہ چوہدری سرفراز احمد کے علاوہ زون کی تمام نمائندہ تنظیموں، ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز نے پھولوں سے لدی مالاؤں کو ان کے گلے کی زینت بنا کر کیا۔ جب کہ فیلڈ کے ساتھیوں نے گل پاشی کے ساتھ ان کا خیر مقدم کیا۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا اور منیجر وانچارج شعبہ ایف ایم ڈی، سید فاخر حسین رضوی نے اسٹیج سیکریٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔

تقریب میں ٹاپ ٹین ایریا منیجرز، سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور سیلز نمائندگان کو ان کی اعلیٰ کارکردگی پر ای ڈی مارکیٹنگ اور ریجنل چیف نے گارلینڈ کیا اور انہیں مبارک باد دی جبکہ سرفہرست ساتھیوں کو اسٹیج کی زینت بنایا گیا جن میں ایریا منیجر صغیر احمد اور سیلز منیجر افتخار علی قریشی شامل تھے۔ بعد ازاں صدر فیلڈ فورس چوہدری فیض الرسول نے سیالکوٹ آمد پر مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔



ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان قرعہ اندازی کے ذریعے خوش نصیب ساتھیوں کی پرچیاں نکالتے ہوئے
تصویر میں ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان اور زونل ہیڈ سرفراز احمد اور دیگر حضرات نمایاں ہیں

بعد ازاں کوالیفائی کرنے والے ایریا منیجرز کے لیے آفس کے میٹنگ روم کے لیے فرنیچر لیٹرز اور کوالیفائر سیلز منیجرز میں ادارے کی طرف سے کمپیوٹر تقسیم کیے گئے۔

اس گرینڈ میٹنگ کا اہم مرحلہ لاکھوں روپے کے انعامات کی قرعہ اندازی تھا۔ اس مرحلے میں سیکٹر ہیڈ نعیم پرویز نے معاونت فرمائی اور پرچیوں سے بھری ہوئی ٹوکری قرعہ اندازی کے لیے ای ڈی مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان کے سامنے پیش کی اور قرعہ اندازی کا یہ مرحلہ تمام ہوا۔ بمپر پرائز دو لاکھ روپے کا کیش پرائز سیلز آفیسر محمد اقبال بٹ کا نکلا جو موقع پر ہی ادا کر دیا گیا۔ علاوہ ازیں پچاس پچاس ہزار، پچیس پچیس ہزار، دس دس ہزار اور پانچ پانچ ہزار روپے کے لاکھوں روپے مالیت کے انعامات بھی تقسیم کر دیئے گئے۔

اس موقع پر جناب محمد اذکار خان نے اپنے خطاب میں اپنے والہانہ استقبال پر تقریب کے شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور تمام ساتھیوں کے جذبوں اور حوصلوں کی تعریف کی اور سیالکوٹ زون کی مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس حقیقت کا اعتراف کیا کہ یہ زون اسٹاف اور آفیسرز کی از حد کمی کے باوجود اپنی محنت کے بل بوتے پر کارپوریشن کے اہداف مکمل کرنے میں نمایاں مقام رکھتا ہے اور کارپوریشن کو اپنے اس زون پر فخر ہے۔



ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان، ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان اور زونل سربراہ چوہدری سرفراز احمد شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

زونل سربراہ چوہدری سرفراز احمد نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اور ریجنل چیف کا شہر اقبال آمد پر شکریہ ادا کیا اور اس پروقار تقریب میں خوش آمدید کہا۔ زونل سربراہ نے زون کی سال 2013ء تا امروز حاصل شدہ کامیابیوں کا بھی ذکر کیا۔

سینٹرل ریجن کے سربراہ جناب طاہر احمد خان نے اپنے خطاب میں سیالکوٹ زون کی حاصل شدہ سب کامیابیوں پر مبارک باد پیش کی اور بالخصوص زونل ہیڈ چوہدری سرفراز احمد کے کلیدی کردار کو سراہا اور ان کی قائدانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔

آخر میں زونل سربراہ نے ایک دفعہ پھر مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور ماہ دسمبر کے بقایا ایام کے لیے فیلڈ فورس کے لیے ایک اور آسان قرعہ اندازی کا اعلان کیا۔ مزید مقابلہ جات کے لیے چیلنجز ہوئے درجنوں ساتھیوں نے اپنے اپنے کیڈر کے مقابلہ میں اپنے نام نوٹ کرائے۔ اختتام پر کھانے کا انتظام تمام احباب کا منتظر تھا۔ یوں یہ پروقار اور یادگار تقریب اختتام کو پہنچی۔

رپورٹ: سید فاخر حسین رضوی
منیجر انچارج ایف ایم ڈی

# کارپوریشن کے سالانہ کاروبار میں فیصل آباد زون کا حصہ دس فیصد سے زائد ہے

## فیصل آباد زون میں سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز سے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب اذکار خان کی گفتگو



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان فیصل آباد کے ایک مقامی ہوٹل میں تمام سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کی میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں ان کے ہمراہ زونل سربراہ عبدالستار جاوید، ایریا منیجر جناب محمد سرور بھی تشریف فرما ہیں

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان نے کہا ہے کہ کارپوریشن کے سالانہ کاروبار میں فیصل آباد زون کا حصہ دس فیصد سے زائد ہے۔ یہ بات انہوں نے فیصل آباد میں مقامی ہوٹل میں منعقدہ سیکٹر ہیڈ اور ایریا منیجرز سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے اپنی گفتگو میں ایگزیکٹیوز پر زور دیا کہ فیصل آباد زون کے 20 ہزار سیلز نمائندے اپنا بنیادی کوٹہ مکمل کرلیں تو دو ارب روپے کا پریمیئم سال اول با آسانی حاصل ہوسکتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ فی الفور سیلز نمائندگان سے رابطہ استوار کر کے اپنے ٹارگٹ حاصل کریں۔ ریجنل چیف سینٹرل ریجن جناب طاہر احمد خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ بیمہ کارکنان سے مسلسل وابستگی میں ہی کامیابی کا راز پوشیدہ ہے۔ انہوں نے فیصل آباد زون کے فیلڈ ورکرز کی اوسط کم آمدنی کی وجوہات اور اس کے تدارک پر روشنی ڈالی۔ زونل ہیڈ فیصل آباد جناب عبدالستار جاوید نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے عزم، لگن اور محنت سے فیصل آباد زون کے علم کو بلند رکھیں گے۔ انہوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بیمہ کاروں کو مبارکباد دی۔

قبل ازیں ایریا منیجر جناب محمد سرور کو بہترین کارکردگی پر اسٹیج کی زینت بنایا گیا اور دیگر ساتھیوں کو بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ کے ہاتھوں گلوں کی زینت بنے۔ بعد ازاں ایریا منیجرز کیٹگری کے چار گروپس میں پول منی مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے جبکہ اختتام پرتکلف کھانے سے ہوا۔

رپورٹ: سہیل میاں نصیر
ڈپٹی منیجر (زونل ہیڈ سیکریٹریٹ فیصل آباد زون)



فیصل آباد زون کے سربراہ جناب عبدالستار جاوید ایریا منیجرز کی میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

# گروپ اینڈ پینشن پشاور زون نے ایک ارب روپے سے زائد کا بزنس حاصل کرلیا



زونل ہیڈ گروپ اینڈ پینشن پشاور زون جناب طاہر مجید اور زونل ہیڈ انفرادی بیمہ پشاور زون جناب نمائش خان صدر آفیسرز ایسوسی ایشن جناب جہانگیر خان یونین کے نمائندے اور سیکٹر ہیڈ گروپ جناب تجمل حسین خٹک ایک ارب روپے سے زائد کا بزنس مکمل کرنے کی خوشی میں کیک کاٹ رہے ہیں

سال 2013ء کے اختتام پر اسٹیٹ لائف گروپ اینڈ پینشن پشاور زون نے زونل سربراہ جناب طاہر مجید کی قیادت میں ایک ارب سات کروڑ روپے سے زائد کا بزنس مکمل کر کے گزشتہ تیرہ سالوں میں مسلسل اضافے کے ساتھ کلوزنگ کرنے کا منفرد اعزاز برقرار رکھا۔

اس سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے زونل سربراہ جناب طاہر مجید نے جناب تجمل حسین خٹک، جناب فیاض نور سیکٹر ہیڈ اور تمام افسران و اسٹاف ممبران کو اس عظیم الشان کامیابی پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

تقریب میں اسٹیٹ لائف (انفرادی بیمہ) پشاور زون کے سربراہ جناب نمائش خان، آفیسرز ایسوسی ایشن و اسٹاف ورکرز یونین کے نمائندوں نے بھی شرکت کی اور جناب طاہر مجید کو گروپ اینڈ پینشن پشاور زون اور ان کی مارکیٹنگ ٹیم، افسران و اسٹاف کی شاندار خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا گیا۔

رپورٹ: فیاض نور
سیکٹر ہیڈ گروپ اینڈ پینشن، پشاور زون

# مطلوبہ نتائج کے لیے ریکروٹمنٹ اور اوقات کار کو بڑھائیں، اذکار خان

## گجرات زون میں گرینڈ ایجنسی میٹنگ سے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ کا خطاب

گزشتہ دنوں گجرات زون میں سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز اور سیلز نمائندگان کی گرینڈ ایجنسی میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں مہمان خصوصی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان جبکہ ریجنل چیف ناردرن جناب خالد منصور نے میٹنگ کی صدارت کی۔ مہمان خصوصی اور ریجنل چیف کا استقبال پرتپاک طریقے سے کیا گیا۔ تقریب میں نظامت کے فرائض سیلز منیجر طاہر اکرم راٹھور نے ادا کیے۔

یکم تا 14 دسمبر تک پیش کیے جانے والے کاروبار کی بنیاد پر اول پوزیشن کے حامل سیکٹر ہیڈ حبیب الرحمٰن، ایریا منیجر محمد اکرم بٹ اور سیلز منیجر محمد ایوب بٹ کو اسٹیج پر مہمان خصوصی کے ساتھ بٹھایا اور انہیں اعلیٰ کارکردگی کی بنیاد پر طلائی ہار پہنائے گئے۔

اس موقع پر زونل سربراہ چوہدری رخسار احمد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے محترم اذکار خان اور جناب خالد منصور کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ گجرات زون اپنے سینئر کی آمد کو بھرپور طریقے سے کیش کروائے گا۔ ہال میں موجود تمام اراکین نے زونل ہیڈ کی بات کی بھرپور انداز میں تائید کی۔

محترم خالد منصور ریجنل چیف نے کہا کہ گجرات زون کے دوست بھرپور محنت کر کے نارتھ ریجن میں ایک بار پھر ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ گجرات زون اپنی نمایاں پوزیشن برقرار رکھے گا۔

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترم اذکار خان نے گجرات زون کی مجموعی کارکردگی کو سراہا اور خصوصی طور پر ہدایت کی کہ ابھی کام کو بڑھانے کی بہت زیادہ گنجائش ہے۔ اپنی ریکروٹمنٹ اور اوقات کار کو بڑھائیں تاکہ مطلوبہ اہداف حاصل ہو سکیں۔ اپنی تقریر میں انہوں نے مختلف حکایات بھی سنائیں جس سے حاضرین محظوظ ہوئے۔ آخر میں حاضرین کے مابین باہمی مقابلہ جات ہوئے جس کی پول منی موقع پر وصول کی گئی۔ زونل ہیڈ گجرات نے فیلڈ فورس کے لیے مری کی دو روزہ سیر کا اعلان بھی کیا۔ اس طرح میٹنگ اپنے اختتام کو پہنچی اور تمام حاضرین کی تواضع پرُتکلف کھانے سے کی گئی۔

رپورٹ: چوہدری محمد الطاف
پی اے ٹو زونل ہیڈ




ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان کا ریجنل چیف جناب خالد منصور، گجرات زون کے مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کے ساتھ گروپ فوٹو

# بہاولپور زون کے زیر اہتمام عید میلہ کا انعقاد تقریب میں سیکڑوں بیمہ کاروں کی شرکت

گزشتہ دنوں بہاولپور زون کے زیر اہتمام عید میلہ کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب علم الدین بلو، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب اذکار خان تھے جبکہ قائم مقام ریجنل چیف ملتان محمد رمضان شاہد بھی موجود تھے۔ اس تقریب میں سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور فیلڈ کے سیکڑوں ساتھیوں نے بھرپور شرکت کی۔


زونل ہیڈ چوہدری اختر حسین نے جناب چیئرمین کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اپنی مصروفیت میں سے خصوصی وقت دیا جس سے تمام شرکاء کی حوصلہ افزائی ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ جس وقت انہوں نے اس زون کا چارج سنبھالا اس وقت زون بزنس کے حوالے سے بہت پیچھے جاچکا تھا لیکن چند ماہ کے اندر بہاولپور زون دوبارہ اپنی کارکردگی کے حوالے سے پاکستان کے ٹاپ زونز میں شامل ہو چکا ہے۔ قائم مقام ریجنل چیف ملتان جناب رمضان شاہد نے کہا کہ بہاولپور محنتی لوگوں کا زون ہے اور ہمارے پیشہ میں محنت کا کوئی نعم البدل نہیں۔

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان نے کہا کہ نومبر اور دسمبر کام کے حوالے سے سال کے اہم ترین ماہ ہیں ان مہینوں میں کی گئی محنت نہ صرف ہمارا حال اچھا کر سکتی ہے بلکہ مستقبل میں بھی کامیابیاں اور کامرانیاں لا سکتی ہے۔

چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب علم الدین بلو نے کہا کہ مجھے بہاولپور زون کی فیلڈ فورس کے چہروں میں کامیابی کی چمک دمک نظر آرہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اسٹیٹ لائف انشورنس وہ سرکاری ادارہ ہے جسے ہمارا فیلڈ ورکر غیر سرکاری حیثیت میں جوائن کرتا ہے اور بعد میں سرکاری طور پر اعلیٰ عہدہ حاصل کرتا ہے۔

اختتام پر زونل سربراہ جناب چوہدری اختر حسین نے جناب چیئرمین کو یقین دلایا کہ انشاء اللہ بہاولپور زون اس سال پاکستان بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کرے گا۔

رپورٹ: میاں رضوان مجید
سیکٹر ہیڈ، بہاولپور زون



چوہدری اختر حسین، جناب اذکار خان کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں



شرکائے محفل

# ٹارگٹ کی تکمیل سے ہمارا سر فخر سے بلند ہو جاتا ہے، علم الدین بلو

## ملتان زون میں تقریب تقسیم انعامات سے چیئر مین کا خطاب



جناب رمضان شاہد ا یگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب اذ کار خان کو کانفرنس میں گلدستہ پیش کرر ہے ہیں اس موقع پر جناب علم الدین بلو اظہار مسرت کرر ہے ہیں

گزشتہ دنوں ملتان زون کے زیر اہتمام فیلڈ کارکنان کے اعزاز میں ایک لکی تقریب تقسیم انعامات کا اہتمام کیا گیا۔اس تقریب کے مہمانان خصوصی چیئر مین جناب علم الدین بلو اور ا یگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذ کار خان تھے۔

مہمانان گرامی کا استقبال ملتان کے روایتی انداز میں گل پاشی کرتے ہوئے کیا گیا۔فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن ملتان زون کے جنرل سیکریٹری مرزا ناصر نے مہمان گرامی کی ملتان آمد پر شکریہ ادا کیا اور یقین دلایا کہ فیلڈ کارکنان کے نمائندہ ہونے کی بدولت ملتان زون کو سال کے اختتام پر نمبرون زون بنانے کے لیے کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے۔

بعد ازاں زونل ہیڈ ملتان جناب ایم رمضان شاہد نے اپنے استقبالیہ خطاب میں کہا کہ چیئر مین جناب علم الدین بلو اور ا یگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذ کار خان کی آمد سے ملتان زون میں کاروبار کی ایک نئی لہر جنم لے گی۔انہوں نے کہا کہ ہم سالانہ ٹارگٹ کی طرف تیزی سے رواں دواں ہیں۔ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ ملتان زون اپنے تمام تر اہداف میں نہ صرف نمبرون زون ہوگا بلکہ اپنی کارکردگی کی بدولت کارپوریشن میں نمایاں زون ہوگا، انشاءاللہ۔

ا یگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذ کار خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ ملتان زون ہمیشہ اپنے کام کی بدولت کارپوریشن میں نمایاں مقام حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔ایک بار پھر ملتان زون کے باہمت کارکنان نے اپنی کارکردگی کا لوہا منوایا۔انہوں نے کہا کہ اگر آپ اسی محنت اور لگن سے کام کرتے رہے تو نمبرون ہونے کا اعزاز آپ کا ہی ہوگا۔

چیئر مین نے اپنے خطاب میں ملتان زون کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ٹارگٹ کی تکمیل سے ہمارا سر فخر سے بلند ہو جاتا ہے اور دنیا میں ہمیشہ اچھے کام کرنے والے کی قدر و قیمت ناکام افراد سے بہت زیادہ ہوتی ہے کیونکہ فرض شناسی کو اہمیت دینے والے دوسروں کی نسبت اپنے کام اور ادارے کو زیادہ وقت دیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف ایک نفع بخش ادارہ ہے اور اگر آپ محنت کرتے رہیں گے تو یہ ادارہ کبھی پرائیویٹائز نہیں ہوگا۔

جناب علم الدین بلو نے اپنے ہاتھ سے سوزوکی مہران جیتنے والے خوش نصیب کا قرعہ نکالا اور اس کے بعد 220 مزید خوش نصیب کارکنان کو بذریعہ قرعہ اندازی انعامات سے نوازا گیا۔انعام پانے والے خوش نصیب حضرات نے زونل ہیڈ ملتان جناب ایم رمضان شاہد کا شکریہ ادا کیا کہ جن کی ذاتی دلچسپی کی بدولت قرعہ اندازی کا بروقت انعقاد ممکن ہوا۔



رپورٹ: محمد افضال قمری
پی اے ٹو زونل ہیڈ ملتان زون



ملتان زون: چیئر مین اسٹیٹ لائف جناب علم الدین بلو، ا یگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب اذ کار خان، ایکٹنگ ریجنل چیف رمضان شاہد، سیکٹر ہیڈز کانفرنس سے خطاب کرر ہے ہیں

# کامیابی کا حصول اچھی بات ہے مگر اسے برقرار رکھنا زیادہ اہم ہے، افتخار احمد

## ملتان زون میں ریجنل چیف کا کیک کٹنگ تقریب سے خطاب



ریجنل چیف ملتان جناب افتخار احمد زونل ہیڈ ملتان رمضان شاہد، ملتان زون کے اول آنے کی خوشی میں کیک کاٹ رہے ہیں، تصویر میں جنرل سیکریٹری فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن ملتان مرزا ناصر بیگ اور سیکٹر ہیڈ جناب سلیم انجم نمایاں ہیں

ملتان کے زونل ہیڈ جناب ایم رمضان شاہد کاروباری معاملات میں نت نئی مہارت اور بیمہ و عملی زندگی میں ان کے برسوں کے تجربے کی بدولت ملتان زون نے ماہ ستمبر کے بنیادی پریمیئم میں 92 فیصد سے زائد اضافے کی نفسیاتی حد عبور کر کے سب کو انگشت بدنداں کر دیا۔اس کامیابی پر فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے سیکریٹری جنرل جناب آغا سہیل کامران فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے عہدے داروں کے ہمراہ مبارک باد دی اور کیک کاٹا۔خوشی کے اس موقع پر آفیسر فیڈریشن کے صدر جناب محمد اشرف بھٹی اور ڈی جی ایم (ایف اینڈ اے ملتان ریجن) رانا محمد افضل (ڈی جی ایم) پی ایچ ایس جناب عبدالسلام اور زون و ریجن کے دیگر آفیسرز و اسٹاف ممبران، فیلڈ کارکنان اور ایریا منیجرز سیکٹر ہیڈز کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ یہ کامیابی آپ کی کامیابی ہے۔

ریجنل چیف ملتان ریجن جناب افتخار احمد نے کارکنان سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کامیابی کے حصول سے زیادہ اس کو برقرار رکھنا زیادہ اہم ہے۔ہم نے سال کے آغاز پر اپنے جن اہداف کا تعین کیا تھا۔ان کی تکمیل کے لیے اپنی جدوجہد تیز تر کریں۔ نئے سال میں آپ کی ترقی اور دیگر سہولیات کا دارومدار موجودہ سال میں آپ کی کارکردگی پر ہے۔ یقیناً آپ سب کی یہ خواہش ہوگی کہ آنے والا سال آپ کے لیے کامیابیاں اور خوشیاں لے کر آئے اس لیے آپ کو اب پہلے سے زیادہ محنت کی ضرورت ہے۔اس موقع پر تمام حاضرین اور زونل ہیڈ جناب ایم رمضان شاہد نے اپنے قائد کو بھرپور کامیابی کا یقین دلایا۔

رپورٹ: افضال قمری زونل ہیڈ سیکریٹریٹ ملتان زون

# چار اہم شخصیات



## پیٹرک سکیرا، محمد محبوب صدیقی، ریاض احمد صدیقی اور اقبال عالم ہم سے بچھڑ گئے

اسٹیٹ لائف کے تمام ملازمین اور قارئین تحفظ کو یہ جان کر بہت دکھ اور افسوس ہوگا کہ کارپوریشن کی چار اہم ریٹائرڈ شخصیات یکے بعد دیگرے ہم سے بچھڑ گئیں۔

ان شخصیات میں سابق چیئرمین آنجہانی پیٹرک سکیرا سڈنی (آسٹریلیا) میں انتقال کر گئے۔ ان کی عمر 93 برس تھی۔ پاکستان کی انشورنس انڈسٹری میں ان کی خدمات کئی دہائیوں پر مشتمل ہے۔ وہ آئیڈیل لائف ایشورنس کمپنی لمیٹڈ کے جنرل منیجر تھے جو پاکستان کی دوسری پرانی لائف انشورنس کمپنی تھی جو 1892ء میں قائم ہوئی تھی۔

جناب پیٹرک سکیرا 1972ء میں اسٹیٹ لائف کے پہلے بورڈ ڈائریکٹر تعینات ہوئے جو بعد ازاں کارپوریشن کے چیئرمین کے عہدے پر فائز ہوئے۔ ان کی سربراہی میں کارپوریشن نے خوب ترقی کی۔ ان کی خوبیوں میں سے ایک خوبی یہ تھی کہ اپنے زیر سایہ کام کرنے والوں کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے اور ان کے دکھ درد میں شریک ہوتے تھے۔ ان کی پیشہ ورانہ خدمات اور انسان دوستی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ واضح رہے کہ ان کے ساتھی ڈائریکٹرز میں جناب ایچ یو بیگ، جناب اے اے طور، جناب ایس ایف عالم پہلے ہی انتقال کر چکے ہیں۔

اسی طرح اسٹیٹ لائف کے سابق ایگزیکٹیو ڈائریکٹر فنانس جناب محمد محبوب صدیقی عرف محبوب خزاں گزشتہ دنوں کراچی میں رحلت فرما گئے۔ ان کی عمر 83 برس تھی۔ جناب محبوب خزاں 1930ء کو اترپردیش کے ضلع بلیہ میں پیدا ہوئے۔ 1948ء میں الہ آباد یونیورسٹی سے گریجویشن کیا اور پاکستان آ گئے۔ یہاں سے انہوں نے سول سپیریئر سروسز (سی ایس ایس) کیا اور ان کی پہلی تقرری شہر ادب و ثقافت لاہور میں اسسٹنٹ اکاؤنٹینٹ جنرل کی حیثیت سے ہوئی پھر ڈھاکہ بھیج دیئے گئے جبکہ تہران میں قیام کے دوران معروف شاعر ن م راشد سے ان کی خاصی قربت رہی۔ بعد ازاں کراچی میں اے جی پی آر میں آ گئے۔

اس دوران انہیں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اسٹیٹ لائف لگایا گیا۔ مرحوم کفایت شعار اور ایماندار افسر تھے جناب محبوب خزاں تنہائی پسند، کم گو، مطالعے سے بے حد شغف رکھنے والے اپنے مزاج کے آدمی اور شاعر تھے۔ تمام عمر ادبی محفلوں میں بھاگتے رہے۔ عمر بھر ازدواج کے جنجال سے دور رہے۔ زندگی والدہ کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ ان کے اکلوتے شعری مجموعے ''اکیلی بستیاں'' 1963ء میں شائع ہوئی ان کا ایک شعر ہے۔

ایک محبت کافی ہے.................. باقی عمر اضافی ہے

دریں اثناء سابق ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب ریاض احمد صدیقی گزشتہ دنوں امریکہ میں اس جہان فانی سے کوچ کر گئے۔ جناب ریاض احمد صدیقی بے شک وہ جسمانی لحاظ سے لمبے قد کاٹھ کے مالک نہ تھے مگر ایمانداری، زندہ دلی، ذہانت اور محنت جیسی خوبیوں نے انہیں ایک قد آور شخصیت بنا دیا تھا۔ ان کا شمار کارپوریشن کے تجربہ کار، کہنہ مشق اور ذہین افسران میں ہوتا تھا۔ وہ ایک شفیق اور ہمدرد انسان تھے۔ وہ مارکیٹنگ ڈویژن میں دسمبر 1991ء سے ستمبر 1994ء تک سربراہ رہے۔ ان کے دور میں اسٹیٹ لائف کنونشن شروع ہوا۔ جس میں وفاقی وزیر تجارت جناب احسان الحق پراچہ اور سیکریٹری کامرس جناب منظور الحسن نے خصوصی شرکت کی، جو اب ایک روایت بن چکا ہے۔ مارکیٹنگ ڈویژن میں ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ راقم الحروف کو وہ ہمیشہ نام سے پکارتے جس سے اپنائیت کا احساس ہوتا تھا۔ وہ ایک غم خوار ساتھی ہی نہ تھے بلکہ سچے محسن تھے۔ ان کی ریٹائرمنٹ کو 20 برس ہو چکے ہیں تاہم ان کی یاد ہمارے دلوں میں محفوظ ہے۔

علاوہ ازیں ایف ایم ڈی کے ریٹائرڈ اے جی ایم جناب محمد اقبال عالم گزشتہ دنوں کراچی میں انتقال کر گئے ان کی عمر تقریباً 76 برس تھی۔ جناب اقبال عالم اعلیٰ اوصاف حمیدہ کے مالک تھے انتہائی محنتی، تجربہ کار اور دیانت دار افسر تھے۔ انہیں مختلف ڈپارٹمنٹ میں کام کرنے کا اعزاز حاصل ہے تاہم وہ زیادہ عرصہ اے اینڈ ایس پی جو موجودہ سی ڈی کے نام سے جانا جاتا ہے سے وابستہ رہے۔ کیلنڈرز، عید کارڈز اور دیگر سیلز لٹریچر کی طباعت اور فیلڈ فورس تک فراہمی کی ذمہ داریاں نبھاتے رہے۔ وہ ''اسپاٹ لائٹ'' موجودہ ''تحفظ'' کے پہلے ایڈیٹر تھے۔

مرحوم کو شعر و شاعری سے خاص شغف حاصل تھا۔ ان کے دو مجموعے ''کرب احساس'' اور خیابان نعت شائع ہو چکے ہیں۔ اسٹیٹ لائف میں ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ مذکورہ شخصیات کی خدمات کو شرف مقبولیت بخشے۔ ان کی بشری لغزشوں سے صرف نظر فرمائے۔ جنت کے اعلیٰ ترین مقام پر انہیں جگہ دے اور لواحقین و پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین) (تحفظ رپورٹ)

## تعزیت

- جنرل منیجر/ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر (ایف اینڈ اے) جناب محمد راشد کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔
- اسٹیٹ لائف گجرات زون کے سربراہ چوہدری رخسار احمد قیصر اور سرگودھا زون کے زونل ہیڈ چوہدری عبدالناصر کے بھائی سیلز افسر چوہدری امجد علی گزشتہ دنوں کراچی میں ایک حادثے میں ہلاک ہو گئے۔
- پرنسپل آفس، رئیل اسٹیٹ ڈویژن کے الیکٹریشن جناب سہیل اختر کی روح گزشتہ دنوں قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔
- زونل سربراہ حیدرآباد جناب ریاض احمد آرائیں کی والدہ محترمہ گزشتہ دنوں داعی اجل کو لبیک کہہ گئیں۔
- ایبٹ آباد زون ورکرز یونین کے جنرل سیکریٹری جناب سردار جہانزیب کی قابل تعظیم والدہ گزشتہ دنوں اس جہان فانی سے کوچ کر گئیں۔
- پرنسپل آفس، شعبہ جنرل سروسز کے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جناب طاہر منصور کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں رحلت فرما گئیں۔
- پرنسپل آفس، رئیل اسٹیٹ ڈویژن کے سینئر آفس اسسٹنٹ جناب صابر صدیقی کی بیٹی گزشتہ دنوں اپنے خالق حقیقی سے جا ملیں۔
- پرنسپل آفس، رئیل اسٹیٹ ڈویژن کے لفٹ آپریٹر جناب محمد رضا کی اہلیہ گزشتہ دنوں ابدی داغ مفارقت دے گئیں۔
- پرنسپل آفس، پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے نائب قاصد جناب محمد حسن اور ڈرائیور جناب محمد یوسف کی والدہ بھی گزشتہ دنوں اس دار فانی سے رخصت ہو گئیں۔

ادارہ تحفظ تمام مرحومین کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے اللہ انہیں غریق رحمت کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

# کارپوریٹ کمیونیکیشنز کے ڈی جی ایم جناب مظفر احمد کی ریٹائرمنٹ جناب عطامحمد خان کی تعیناتی اور سبکدوشی

اسٹیٹ لائف کے ذیلی شعبہ سی سی ڈی کے ڈپٹی جنرل منیجر جناب مظفر احمد گزشتہ دنوں اپنی تیس سالہ مدت ملازمت کی تکمیل پر ریٹائرڈ ہوگئے جبکہ ان کی جگہ ڈی جی ایم جناب عطامحمد خان کو تعینات کیا گیا تاہم وہ بھی گزشتہ دنوں سبکدوش ہوگئے۔



جناب عطامحمد خان، افسران واسٹاف کے ہمراہ سی سی ڈی کی جانب سے جناب مظفر احمد کو تحائف اور شیلڈ پیش کرتے ہوئے



سی سی ڈی کی جانب سے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب اذکار خان، جناب عطامحمد خان کو افسران واسٹاف کے ہمراہ تحفہ پیش کررہے ہیں

جناب مظفر احمد نے 1984ء میں اسٹیٹ لائف کے شعبہ ایڈورٹائزنگ اینڈ سیلز پروموشن جو موجودہ کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ میں بطور ایگزیکٹیو آفیسر جوائن کیا۔ قبل ازیں وہ روزنامہ نوائے وقت، روزنامہ جنگ اور اخبار جہاں میں نائب مدیر کی حیثیت سے کام کرچکے تھے۔ صحافت میں تجربہ کی بنا پر انہیں تحفظ کے ایڈیٹر کی ذمہ داریاں سونپی گئیں۔ جس کی تدوین وترتیب اور تزئین وآرائش اور اسے دیدہ زیب بنانے کی وجہ سے قارئین تحفظ میں مقبولیت حاصل کی۔ قارئین کے بے شمار ستائشی خطوط موصول ہوئے یہی وجہ ہے کہ انتظامیہ ان کی صلاحیتوں کو دیکھ کر ڈی جی ایم کے منصب تک لے گئی اور اس شعبہ نے ان کی سربراہی میں ہر قسم کے ٹارگٹ کو حاصل کیا اور انتظامیہ سے داد وصول کی۔

کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ نے ان کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ان کے اعزاز میں الوداعیہ دیا اس موقع پر ڈپارٹمنٹ کے افسران واسٹاف نے اظہار خیال کیا اور ان کے تعاون اور رویہ کی تعریف کی ان کی کارکردگی کو سراہا گیا اور کہا کہ ان کی کمی ہمیشہ محسوس ہوتی رہے گی۔ ان کی صحت وتندرستی اور سلامتی کی دعا کی گئی۔ آخر میں جناب مظفر احمد نے تمام احباب کا شکریہ ادا کیا۔ انہیں ڈپارٹمنٹ کی جانب سے خصوصی تحائف پیش کیے گئے۔

اسی طرح اسٹیٹ لائف کی انتظامیہ نے ڈپٹی جنرل منیجر پی اینڈ جی ایس ساؤتھ ریجن جناب عطامحمد خان کو صحافتی شعبہ میں تجربہ کی بنا پر انہیں مختصر مدت کے لیے اس شعبہ کی ذمہ داریاں تفویض کی گئیں۔

جناب عطامحمد خان سینئر صحافی، فیچر رائٹر اور کالم نگار بھی ہیں۔ 1979ء میں انہوں نے اسی شعبہ سے کیریئر کا آغاز کیا اور اسی شعبہ سے سبکدوش ہوئے۔

قبل ازیں وہ روزنامہ نوائے وقت سے وابستہ رہے۔ ایڈورٹائزنگ اور پبلک ریلیشنز میں ان کی طویل خدمات ہیں۔ بعدازاں وہ پالیسی ہولڈرز سروسز، ایڈمنسٹریشن کے علاوہ اسٹاف ٹریننگ میں بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔


سی سی ڈی کی جانب سے ان کے اعزاز میں الوداعیہ دیا گیا جس کے مہمان خصوصی جنرل منیجر/ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان تھے۔ اس تقریب میں ان کی خدمات کو سراہا گیا اور انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ سی سی ڈی کی جانب سے انہیں خصوصی تحائف پیش کیے گئے۔

ادارہ تحفظ ان دونوں افسران کی صحت وسلامتی کے لیے دعا گو ہے۔ (تحفظ رپورٹ)

## میڈیکل ڈپارٹمنٹ کے محمد فہیم احمد خان ریٹائر ہوگئے

پرنسپل آفس میڈیکل ڈپارٹمنٹ کے سپرنٹنڈنٹ جناب محمد فہیم احمد خان کارپوریشن میں 30 سالہ خدمات پیش کرنے کے بعد اپنی مدت ملازمت کی تکمیل پر ریٹائر ہوگئے۔ میڈیکل کے ذیلی شعبے ڈسپنسری میں انہوں نے اپنی اہم ذمہ داریاں نبھا کر ملازمین اور ان کے لواحقین کی خدمت کی۔ رش اور ہجوم میں بھی کبھی ان کے ماتھے پر شکن نہیں دیکھی اور اپنے کام بحسن وخوبی انجام دیتے رہے۔

جناب محمد فہیم احمد خان نے 1983ء میں اسٹیٹ لائف میں بطور جونیئر کلرک ڈسپنسر اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور یہیں سے گزشتہ دنوں ریٹائر ہوگئے۔ میڈیکل شعبہ کی جانب سے ان کے اعزاز میں الوداعیہ دیا اور اس تقریب کے مہمان خصوصی ڈاکٹر مکرم علی خان تھے جنہوں نے ان کی کارکردگی کی تعریف کی اور کہا کہ ہمیں ان کی کمی محسوس ہوتی رہے گی۔ انہوں نے ان کی صحت وسلامتی اور تندرستی کے لیے دعا کی۔ بعدازاں مہمان خصوصی نے ڈپارٹمنٹ کی جانب سے تحائف پیش کیے۔ (تحفظ رپورٹ)



ڈاکٹر مکرم علی میڈیکل شعبہ کی جانب سے جناب محمد فہیم احمد خان کو تحفہ پیش کررہے ہیں
جبکہ دوسری جانب شعبہ کے اسٹاف وافسران بھی موجود ہیں

# فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے وفد کی اعلیٰ انتظامیہ سے دو الگ الگ ملاقاتوں کا احوال

گزشتہ دنوں فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے وفد نے صدر محمد اصغر کی قیادت میں انتظامیہ کے وفد سے جس کی سربراہی قائم مقام چیئرمین علم الدین بلو کر رہے تھے، ملاقات کی۔

فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے وفد میں ڈپٹی سیکریٹری جنرل سید ناصر علی، ایڈیشنل سیکریٹری جنرل شیخ ساجد محمود، سیکریٹری فنانس قمر الزمان بٹ، سیکریٹری اطلاعات اسلم پرویز، ریجنل کوآرڈینیٹر ساؤتھ راجہ مظفر حسین، ریجنل کوآرڈینیٹر ملتان مرزا ناصر بیگ، فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے جناب کھوسو وغیرہ شامل تھے جبکہ انتظامیہ کی ٹیم میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز جناب محمد اذکار خان، جناب محمد راشد، جناب فضل الرحمٰن شامل تھے۔ مذکورہ ملاقات بڑے خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں فیلڈ ورکرز کے مسائل اور ان کے حل اور باہمی امور پر تبادلہ خیالات کیا گیا۔

دریں اثنا فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر محمد اصغر کی زیر قیادت مقامی کلب میں اسٹیٹ لائف کے قائم مقام چیئرمین علم الدین بلو اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان سے اہم اجلاس میں باہمی امور پر تبادلہ خیالات ہوئے۔ فیڈریشن کے وفد میں ایڈیشنل سیکریٹری جنرل ساجد محمود شیخ، ایڈیشنل سیکریٹری اطلاعات محمد جاوید قادر اور ریجنل کوآرڈینیٹر سینٹرل حسن عباس حسینی بھی ہمراہ تھے۔ اس اجلاس میں ڈویژنل ہیڈ فیصل ممتاز سمیت ایریا منیجر فیڈریشن، آفیسرز فیڈریشن و دیگر تنظیموں کے رفقاء کار بھی شامل ہوئے۔



رپورٹ: اسلم پرویز


سیکریٹری اطلاعات فیلڈ ورکرز فیڈریشن





صدر فیلڈ ورکرز فیڈریشن جناب محمد اصغر، دیگر ساتھیوں کے ہمراہ چیئرمین اسٹیٹ لائف اور ایگزیکٹوڈائریکٹر مارکیٹنگ کے ساتھ باہمی امور پر تبادلہ خیالات کر رہے ہیں

# 3 فیصد فارمولہ آمدنی میں کئی گنا اضافہ



نوٹ: سابق جنرل منیجر/ریجنل چیف جناب محمد اسلم صابر کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ اس سے قبل بھی وہ تحفظ کے لیے درجنوں مضامین لکھ چکے ہیں جو ہماری مارکیٹنگ فورس کے لیے مفید ثابت ہوئے ہیں۔ ان کی ایک اور معلوماتی اور اچھوتی تحریر قارئین کے لیے پیش خدمت ہے۔ امید ہے مارکیٹنگ فورس اس سے فائدہ حاصل کرے گی۔ (ایڈیٹر)

اگر آپ سیلز کے شعبے سے وابستہ ہیں اور اپنی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس مقصد میں دیرپا کامیابی کے لیے اپنی آمدنی کے 3 فیصد کے برابر رقم کو اپنی ذات پر انویسٹ کرنے کا فیصلہ آج ہی کریں۔ اس کا آپ کی کاروباری صلاحیت اور قابلیت کو چمکانے میں جادوئی اثر ہوگا۔

مثال کے طور پر آپ کی سالانہ آمدنی 50 ہزار روپے ہے تو اس رقم کا تین فیصد حصہ یا 1500 روپے اپنے علم و مہارت کی ترویج پر خرچ کریں۔ اس طرح اگر آپ کی سالانہ آمدنی 10 ہزار روپے ہے تو 3 ہزار روپے اپنی ذات کو علم و مہارت سے مرضع کرنے پر خرچ کریں۔ یہ تجرباتی خیالات ایک نامور سیلز کنسلٹنٹ برائن ٹریسی کے ہیں۔

برائن ٹریسی لکھتا ہے کہ ایک سیمینار کے کھانے کے وقفے میں ایک نوجوان آدمی نے اسے بتایا کہ دس سال پہلے اس نے ایک ایسے ہی سیمینار میں ''3 فیصد فارمولہ'' پر میرا لیکچر سنا تھا۔ وہ اس وقت کالج چھوڑ کر گھر رہ رہا تھا۔ اس کے پاس ایک بہت پرانی کار تھی اور وہ بطور سیلز مین تقریباً 20 ہزار ڈالر سالانہ کما رہا تھا۔ تب اس نے 3 فیصد فارمولہ کے متعلق سنتے ہی اس پر عمل کرنے کا تہیہ کرلیا۔ اس نے اپنی آمدنی کا 3 فیصد نکالا جو 600 ڈالر بنتا تھا۔ اس نے اس رقم سے سیلز کی کتابیں خرید کر ان کا روزانہ کی بنیاد پر مطالعہ کرنا اور عمل کرنا شروع کر دیا۔ اس نے سیلز اور ٹائم مینجمنٹ پر لرننگ پروگرام کی دو آڈیو کیسٹ بھی خریدیں۔ ایک سیلز سیمینار میں شرکت کی۔ اس طرح اس نے 600 ڈالر کی تمام رقم اپنے سیکھنے کے عمل پر خرچ کردی۔ نتیجتاً اس کی آمدنی 50 فیصد اضافہ کے ساتھ 20 ہزار سے 30 ہزار ڈالر پر چلی گئی۔ پھر اگلے سال اس نے اس 30 ہزار کا 3 فیصد یعنی 900 ڈالر کی رقم اپنے سیکھنے کے عمل پر خرچ کیا تو اس کی آمدنی 50 ہزار ڈالر ہوگئی۔ اس نے سوچا کہ اپنی آمدنی کا 3 فیصد واپس اپنے اوپر خرچ کرنے پر اس کی آمدنی ہر سال 50 فیصد بڑھ جاتی ہے تو اگر 5 فیصد خرچ کرتا تو کیا نتائج ہوتے؟

اگلے سال اس نے اپنی آمدنی کا 5 فیصد اپنی تعلیم و تربیت پر انویسٹ کیا۔ اس نے زیادہ سیلز سیمیناروں میں شرکت کی، مزید کتابیں خریدیں اور پڑھیں، زیادہ آڈیو کیسٹیں خرید کر سنیں۔ یہاں تک کہ ایک جز وقتی کوچ کی خدمات بھی حاصل کیں اور پھر اس سال اس کی آمدنی ڈبل ہو کر ایک لاکھ ڈالر ہوگئی۔ اس کے بعد اس نے اپنی آمدنی کا دس فیصد اپنی ڈویلپمنٹ پر خرچ کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس نے بتایا کہ تب سے وہ ہر سال اپنی آمدنی کا 10 فیصد حصہ واپس اپنی ذات کی ڈویلپمنٹ پر خرچ کر رہا ہے۔ اس طرح اس کی آمدنی کئی گنا بڑھ گئی ہے۔ میں نے پوچھا کتنی بڑھ گئی ہے اس نے مسکرا کر کہا پچھلے سال میں نے 10 لاکھ ڈالر کی بچت اپنے پرسنل اکاؤنٹ میں جمع کروائی ہے۔ ایک بڑی آمدنی کا 10 فیصد حصہ بھی بڑا ہوگا۔ میرے استفسار پر کہ وہ اتنی بڑی رقم کیسے اپنے اوپر خرچ کرتا ہے اس نے بتایا کہ میں ہر سال جنوری کے مہینے میں اپنی ڈویلپمنٹ پر خرچ کرنا شروع کر دیتا ہوں اور تمام رقم سال کے آخر تک خرچ ہو جاتی ہے۔ اس طرح میرا ایک امیج کوچ، ایک سیلز کوچ اور ایک اسپیچ کوچ ہے اور میرے گھر کی لائبریری جو رفتہ رفتہ بہت بڑی ہو چکی ہے میں سیلز اور ذاتی کامیابی کے موضوعات پر دستیاب تمام کتب، آڈیو پروگرامز اور ویڈیو پروگرامز موجود ہیں۔ میں سیلز سے وابستہ قومی اور بین الاقوامی کانفرنسوں میں شرکت کرتا ہوں اور اس طرح سیکھی گئی مہارتوں کو بروئے کار لا کر اپنی سیلز میں اضافہ کرتا جا رہا ہوں۔ نتیجتاً میری آمدنی میں کئی گنا اضافہ ہوا۔

# تصویری خبرنامہ



جناب شاہد عزیز صدیقی کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ایمپلائز یونین کراچی کے صدر جناب نعیم ابراہیم اور سیکریٹری جنرل فیڈریشن جناب نعیم علی گلدستہ پیش کر رہے ہیں تصویر میں سابق ڈائریکٹر جناب ظفر محمود بھی موجود ہیں



چیئرمین جناب علم الدین بلو اور ایگزیکیٹو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان اعلیٰ کارکردگی پر ایکٹنگ ریجنل چیف ملتان ریجن جناب رمضان شاہد، زونل ہیڈ بہاولپور چوہدری اختر حسین، زونل ہیڈ ساہیوال چوہدری محمد اشرف اور ریجن کے سیکٹر ہیڈ کو طلائی ہار پہناتے ہوئے



ریجنل چیف ملتان ریجن جناب افتخار احمد، جناب افضال قمری کو شاندار کارکردگی پر تعریفی خط دے رہے ہیں تصویر میں زونل ہیڈ ملتان زون جناب رمضان شاہد اور جنرل سیکریٹری آغا سہیل کامران بھی موجود ہیں



زونل سربراہ جناب چوہدری اختر حسین، چیئرمین جناب علم الدین بلو، ایگزیکیٹو ڈائریکٹر جناب محمد اذکار خان کا بہاولپور زون کے ٹاپ لیڈرز کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو




کوئٹہ زون کے زونل چیف کنہیا لال شاہین بلوچستان کے سیلز نمائندگان، سیلز آفیسران، سیلز ممبران اور ایریا منیجرز سے بزنس میٹنگ میں خطاب کر رہے ہیں



فیصل آباد زون میں فاؤنڈیشن کورس کے شرکاء کا کورس لیڈر رائے محبوب عالم، منیجر ایف ایم ڈی کے ہمراہ گروپ فوٹو



راولپنڈی میں MMSC کورس کے اختتام پر شرکاء کے ہمراہ ریجنل چیف جناب خالد منصور، زونل ہیڈ جناب اظہر حسین کا گروپ فوٹو



سیالکوٹ زون میں MMSC کورس کے اختتام پر زونل سربراہ سیالکوٹ چوہدری سرفراز احمد، کورس لیڈر رواے جی ایم عبدالوحید اور انچارج منیجر ایف ایم ڈی سید فاخر حسین رضوی بھی موجود ہیں

# اسٹیٹ لائف میدانِ عمل میں



اسلام آباد زون: زونل سربراہ چوہدری محمد ارشد، بیمہ دار مرحوم جناب امتیاز کے والد کو مبلغ 29 لاکھ روپے کا ڈیتھ کلیم چیک پیش کر رہے ہیں ان کے ہمراہ سیکٹر ہیڈ جناب اکبر علی اور ایریا منیجر جناب جعفر حسین بھی نمایاں ہیں



فیصل آباد زون: زونل ہیڈ جناب عبدالستار جاوید، مرحوم محمد عثمان کا ڈیتھ کلیم مبلغ -/9,18,129 روپے کا چیک مرحوم کی بیوہ کو پیش کیا جا رہا ہے



کوئٹہ زون: مہتمم اعلیٰ جناب کنہیا لال شاہین، شہید امیر محمد دستی ڈی ایس پی بلوچستان پولیس کوئٹہ کی وفات پر ان کے بچوں کو -/2,02,000 روپے کا ڈیتھ کلیم پیش کر رہے ہیں اس موقع پر ڈی جی ایم شیر محمد عباسی اور سیلز منیجر حق نواز رند بھی موجود ہیں



پشاور زون: زونل سربراہ جناب نمائش خان، مرحوم بیمہ دار ملک جان کی پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ -/52,47,765 روپے ان کے بیٹے جناب اعجاز خان کو پیش کر رہے ہیں، مرحوم نے صرف تین اقساط ادا کی تھیں کہ ایک حادثے میں ان کا انتقال ہو گیا، اس موقع پر جناب ہدایت اللہ اورانچارج زونل ہیڈ سیکریٹریٹ جناب فقیر گل بھی نمایاں ہیں



کراچی سینٹرل زون: زونل ہیڈ قاضی فواد سلیم، مرحوم مسٹر جمشید یار خان کی بیمہ پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ -/19,12,500 روپے کے دو چیکس ان کی بیوہ کو پیش کر رہے ہیں



ملتان ریجن: ریجنل چیف جناب افتخار احمد، مسماۃ رخسانہ بی بی زوجہ غلام عباس کو ڈیتھ کلیم چیک کی مد میں مبلغ -/4,10,537 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک پیش کر رہے ہیں، اس موقع پر سیلز منیجر جناب فدا حسین نمایاں نظر آ رہے ہیں